طاعون ایک گلٹی ہے جس طرح اونٹ کی وباءمیں اس کے گلٹی ہے جو اس میں ٹھہرا رہے وہ شہید کے مثل ہے اور اس سے بھاگنے والا جہاد سے بھاگ جانے والے کی طرح ہے مسند ابی یعلی کے الفاظ یوں ہیں رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "وخزة تصیب امتی من اعداء هم من الجن کغدة الابل من اقام علیها کان مرابطا ومن اصیب به کان شهیداً والفار منه کا لافار من الزحف " طاعون ایک کونچا ہے کہ میری امت کو ان کے دشمن جنوں کی طرف سے پہونچے گا جیسے اونٹ کی گلٹی جو مسلمان اس پر صبر کرکے ٹھہرا رہے وہ ان میں سے ہو جو راہ خدا میں سرحد کفار پر بلاد اسلام کی حفاظت کے لئے اقامت کرتے ہیں اور جو مسلمان اس میں مرے وہ شہید ہو اور جو اس سے بھاگے وہ کافروں کو پیٹھ دے کر بھاگنے والے کی مانند ہو" معجم اوسط " کی روایت یوں ہے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں "الطاعون شهادة لامتی ووخز اعدائکم من الجن غدة کغدة البعیر تخرج فی الاباط والمراق من مات فیه مات شهیدا ومن اقام فیه کان کالمرابط فی سبیل الله ومن فرمنه کان کالفار من الزحف " طاعون میری امت کے لئے شہادت ہے اور وہ تمہارے دشمن جنوں کا کونچا ہے اونٹ کے غدود کی طرح گلٹی ہے کہ بغلوں اور نرم جگہوں میں نکلتی ہے جو اس میں مرے شہید مرے اور جو ٹھہرے وہ راہ خدا میں سرحد کفار پر بانتظار جہاد اقامت کرنے والے کی مانند ہے اور جو اس سے بھاگ جائے جہاد سے بھاگ جانے والے کے مثل ہو اقول اولاً ان تمام الفاظ احادیث میں صرف طاعون سے بھاگنے پر وعید شدید اور صبر کرکے ٹھہرے رہنے کی ترغیب و تاکید ہے شہر یا محلے یا حوالی شہر وغیرہ کی کچھ قید نہیں تو جو نقل وحرکت طاعون سے بھاگنے کیلئے ہوگی اگرچہ شہر ہی کے محلوں میں وہ بلاشبہ اس وعید وتہدید کے نیچے داخل ہے۔

ثانیاً حدیث عائشة ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنھا المخرج فی صحیح البخاری ورد فی مسند الامام احمد بسند صحیح علی شرط البخاری ومسلم ورواتہ رجال البخاری فی ج ٦ آخر ص ٣٥١ و اول ص ٣٥٢ ھکذا. حدثنا عبد الصمد حدثنا داؤد حدثنی ابن ابی الفرات حدثنا عبد اللہ بن بریدة عن یحییٰ بن یعمر عن عائشة رضی اللہ عنھا انھا قالت سالت رسول اللہ ﷺ عن الطاعون فاخبرنی رسول اللہ ﷺ انہ کان عذاباً یبعثہ اللہ علی من یشاء فجعلہ رحمة اللمومنین فلیس من رجل یقع الطاعون فیمکث فی بیتہ صابراً محتسباً یعلم انہ لا یصیبہ الا ما کتب اللہ لہ الا کان لہ مثل اجر الشہید. فی ھذا الحدیث الصحیح تصریح خاص بالمکث فی البیت.

ثانیاً حدیث ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا مروی صحیح بخاری شریف مسند امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ میں بسند صحیح برشرط بخاری و مسلم برجال بخاری جلد ششم آخرہ ص ۱۵۱ و اول ص ۳۵۲ میں یوں ہے حدثنا عبد الصمد ثنا داؤد یعنی ابن ابی الفرات ثنا عبد اللہ بن بریدة عن یحییٰ بن یعمر عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنہا انہا قالت سالت رسول اللہ ﷺ عن الطاعون فاخبرنی رسول اللہ ﷺ انہ کان عذابا یبعثہ اللہ تعالیٰ علی من یشاء فجعلہ رحمة للمؤمنین فلیس من رجل یقع الطاعون فیمکث فی بیتہ صابرا محتسباً یعلم انہ لا یصیبہ الا ما کتب اللہ لہ الا کان لہ مثل اجر الشہید. یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا طاعون ایک عذاب تھا کہ اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا بھیجتا اور اس امت کیلئے اسے رحمت کردیا ہے تو جو شخص زمانہ طاعون میں اپنے گھر میں صبر کئے طلب ثواب کیلئے اس اعتقاد کے ساتھ ٹھہرا رہے کہ اسے وہی پہنچے گا جو خدا نے لکھ دیا ہے اس کیلئے شہید کا ثواب ہے اس حدیث صحیح میں خاص اپنے گھر میں ٹھہرے رہنے کی تصریح ہے۔

ثالثاً تامل قليلا فانه لا اختلاف اصلاً في هذا الحديث وفي حديث البخاري. لفظ صحيح البخاري في كتاب الطب هكذا ليس من عبد يقع الطاعون فيمكث في بلده صابراً وفيه عند ذكر بني اسرائيل ليس من احد يقع الطاعون فيمكث في بيته صابراً محتسبا و معلوم بداهة انه ليس المراد ان يقع الطاعون في موضع مامن الارض فقوله في بلده في حديث البخاري وقوله في بيته في حديث احمد يتعلق كل منهما بكل من يقع ويمكث على سبيل التنازع. قال الامام العيني في عمدة القاري شرح صحيح البخاري قوله في بلده مما تنازع الفعلان فيه اعني قوله يقع قوله ويمكث فكان محصل الروايتين كلتيهما ان من وقع الطاعون ببلده مامور بان لا يفر من بلده ومن وقع في نفس بيته. ينهى عن الفرار من البيت وكان مآل الحاصل ان لا يفر من الطاعون. ان الفرار

ثالثاً ذرا غور کیجئے تو اس حدیث اور حدیث بخاری میں اصلا اختلاف نہیں صحیح بخاری کتاب الطب کے الفاظ یہ ہیں لیس من عبد یقع الطاعون فیمکث فی بلدہ صابرا ۔ اور ذکر بنی اسرائیل میں لیس من احدیقع الطاعون فیمکث فی بیتہ صابرا محتسبا اور بداہۃً معلوم ہے کہ مطلقا روئے زمین سے کسی جگہ وقوع طاعون مراد نہیں تو حدیث بخاری میں فی بلدہ اور حدیث احمد میں فی بیتہ بر سبیل تنازع یمکث و یقع دونوں سے متعلق ہیں۔ امام عینی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں فرماتے ہیں قولہ فی بلدہ مما تنازع الفعلان فیہ اعنی قولہ یقع وقولہ یمکث تو دونوں روایتوں کا مطلب یہ ہوا کہ جس کے شہر میں طاعون واقع ہو وہ شہر سے نہ بھاگے اور جس کے خود گھر میں واقع ہو وہ اپنے گھر سے نہ بھاگے اور حاصل اسی طرف رجوع کر گیا کہ طاعون سے نہ بھاگے شہر یا گھر سے بھاگنا

من البلد او البيت ليس ممنوعا
لذاته-لو ان جبارا ظالما دخل البلد
لا لقاء القبض على رجل وفرهذا
الرجل من البلد للخلاص منه فلا
مواخذة ابدا وان فرفي زمن الطاعون
اذ لم يكن هذا فرارا من الطاعون بل
كان فرارا من ظلم الظالم والله بالنية
عليم لهذا قال في حديث عبد
الرحمن بن عوف اذا وقع بارض
وانتم بها فلا تخرجوا فرارا منه ولم
يقل منها وفي حديث اسامة بن زيد
رضى الله تعالىٰ عنهما بالرواية التامة
عند الشيخين مثله وجاء في مسلم
هكذا فلا تخرجوا منها فرارا منه. لا
جرم ان وردفي شرح صحيح مسلم
اتفقوا على جواز الخروج بشغل
وغرض غير الفرار و دليله صريح
الاحاديث وبمثله صرح في الحديقة
الندية واقره واذا كان مطمح النظر
الفرار من الطاعون وليس الفرار من
البلد فالبحث حول فناء الشهر هل
يدخل في هذا الحكم مثل الجمعة
اوهومثل السفر خارج عن الموضوع
فاى تنقل و تحرك لمحض الفرار
من الطاعون مندرج تحت المنهى
ولو كان في نواحي البلد اوفي الفناء
اوفي احياء البلد نفسه.

لذاتہ ممنوع نہیں اگر کوئی ظالم جبار شہر میں ظلما
اسکی گرفتاری کو آیا اور یہ اس سے بچنے کو شہر سے
بھاگ گیا ہرگز مواخذہ نہیں اگرچہ زمانہ طاعون
ہی کا ہو کہ یہ بھاگنا طاعون سے نہ تھا بلکہ ظلم ظالم
سے اور اللہ عزوجل نیت کو جانتا ہے ولہذا احدیث
عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ارشاد
ہوا اذا وقع بارض وانتم بہا فلا
تخرجوا فرارا منہ نہ کہ منہا اور حدیث اسامہ
بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت تامہ شیخین میں
اسکے مثل اور روایت مسلم میں یوں آئی فلا
تخرجوا منہا فرارا منہ لاجرم شرح صحیح مسلم
میں ہے واتفقوا علی جواز الخروج
بشغل وغرض غیر الفرار و دلیلہ
صریح الاحادیث اسی طرح حدیقہ ندیہ میں
نقل فرمایا اور مقرر رکھا اور جب مطمع نظر فرار
عن الطاعون ہے نہ عن البلد تو یہ بحث کہ
فنائے شہر بھی مثل جمعہ اس حکم میں داخل ہے
یا مثل سفر خارج محض طاعون سے بھاگنے
کے لئے جو نقل وحرکت ہو سب زیر نہی ہے
اگرچہ مضافات خواہ فنا خواہ شہر کی شہر میں

رابعاً :- لو تاملت فان هذا الحديث فيمكث فی بلده بنفسه يابی الفرار (من الطاعون) الی بعض احياء البلد-لم يقل فيه فيمكث فی بلده فقط بل قال جليا يمكث فی بلده صابراً محتسباً يعلم انه لا يصيبه الا ما كتب الله له (معناه) انه يمكث فی بلده متحليا بثلاث خلال (١) الصبر والثبات (٢) التسليم والتفويض والاحتساب وطلب الثواب علی الرضا بالقضا (٣) الاعتقاد حقاً بانه لايصيب بلاء بغير قضاء. الآن اسبر حال من وقع الطاعون فی ناحية من بلده وهو فر خوفاً منه هاجرا لبيته الی ناحية اخری هل يعتبر هذا صابرا ثابتا وراضيا بالقضاء. لو كان هذا بهذه المثابة فلما ذا فر. فاقامته فی البلد ليس للصبر والرضا بل لاجل ان هذه الناحية منيعة حتی الآن. فلووقع الطاعون غداً ههنا تراه فاراً من ههنا ايضاً ثم لو نزل خارج البلد واصاب ذلک الموضع الوباء فانه يهجر المضافات و يتنسم الراحة فی بلدة اخری فانی يصدق عليه صابراً محتسباً.

رابعاً نظر کیجئے تو خود یہی حدیث فیمکث فی بلدہ محلات شہر ہی میں تجویز فرار سے صریح ابا فرما رہی ہے اس میں فقط اتنا ہی نہ فرمایا کہ شہر میں رہے بلکہ صاف ارشاد ہوا یمکث فی بلدہ صابرا محتسبا یعلم انہ لا یصیبہ الاما کتب اللہ لہ اپنے شہر میں تین وصفوں کے ساتھ ٹھہرے اول صبر و استقلال دوم تسلیم و تفویض و رضا بالقضا پر طلب ثواب سوم یہ سچا اعتقاد کہ بے تقدیر الٰہی کوئی بلا نہیں پہنچ سکتی اب اسکے حال کو اندازہ کیجئے جس کے شہر کے ایک کنارے میں طاعون واقع ہو اور وہ اسکے خوف سے گھر چھوڑ کر دوسرے کنارے کو بھاگ گیا کیا اسے ثابت قدم و صابر و مستقل و راضی بالقضا کہا جائے گا وہ ایسا ہوتا تو کیوں بھاگتا شہر میں اسکا قیام صبر و رضا کیلئے نہیں بلکہ اس لئے کہ یہ کنارۂ شہر ہنوز محفوظ ہے کل اگر یہاں بھی طاعون آیا تو اسے یہاں سے بھی بھاگتے دیکھ لینا اگر اسکے بیرون شہر جاکر پڑا اور وہاں بھی وبا پہنچی تو وہ مضافات کو بھی چھوڑ کر دوسری ہی بستی میں دم لیگا پھر صابراً محتسباً کہاں صادق آیا۔

خامساً: - يمكن ان يعلم بملاحظة ما جعله سيد الورى ﷺ مماثلا للفرار من الطاعون اعنى الفرار من الزحف ان الفرار لا ينحصر فى الذهاب الى بلد آخر مهاجراً لبلده.

لو ان امام المسلمين يجاهد الكفار خارج البلد وجلس بعض الناس فى بيوتهم فراراً من المقاومة افلا يكون هذا فراراً - (يكون هذا فرارا و لا بد بل فضلاً عن القعود فى البيوت لو اختفى هولاء فرارا من المعركة فى جبل او مغارة فى نفس الميدان لامحالة يلحقهم العار من اجل الفرار فى الحال لانهم على كل حال هجروا ميدان القتال وضربوا صفحاً عن لقاء الكفار. ونص القرآن صريح دليل على هذا.

خامساً سید عالم ﷺ نے فرار من الطاعون کو جسکا مماثل فرمایا یعنی جہاد سے بھاگنا اسی کے ملاحظہ سے معلوم ہو سکتا ہے کہ شہر چھوڑ کر دوسرے شہر کو چلے جانے ہی پر فرار محصور نہیں کیا اگر امام مسلمانان بیرون شہر کفار سے جہاد کر رہا ہو اور کچھ لوگ مقابلہ سے بھاگ کر اپنے گھروں میں جا بیٹھیں تو فرار نہ ہوگا ضرور ہوگا بلکہ گھروں میں جا بیٹھنا درکنار اگر معرکہ سے بھاگ کر اسی میدان کے کسی پہاڑ یا غار میں جا چھپے ضرور عار فرار فقد وقت ہوگی کہ میدان کارزار تو ہر طرح چھوڑا اور مقابلہ کفار سے منہ موڑا نص قرآنی اس پر دلیل صریح ہے قال اللہ عزوجل ان الذين تولوا منكم يوم التقى الجمعن انما استزلهم الشيطن ببعض ما كسبوا ولقد عفا الله عنهم ان الله غفور حليم. وقال جل من قائل ولقد عفا عنكم والله ذو فضل على المؤمنين اذ تصعدون ولا تلوون على احد والرسول يدعوكم فى اخريكم فاثابكم غما بغم الاية معالم میں ہے قرأ ابو عبد الرحمن السلمى وقتادة تصعدون بفتح التاء والعين والقرأة المعروفة بضم التاء وكسر العين والاصعاد السير فى الارض والصعود الارتفاع فى الجبال والسطوح وكلتا القرأتين صواب فقد كان يومئذ من المنهزمين مصعد وصاعد اھ باختصار.

سادسا: - من جملة الحكم التی
منع من اجلها الحكيم الكريم الرؤف
الرحيم عليه وعلى آله عليه الصلوة
والتسليم عن الفرار من الطاعون انه
لو فر الاصحاء لضاع المرضى
ولا يبقى من يمرضهم ولا من يتعهدهم
فمن يقوم بتجهيز الموتى وتكفينهم
كما شاع فی الوثنين ببلدنا ونواحيه ان
الاولاد هجروا الاباء والامهات
والاباء والامهات تركوا الاولاد و
اتخذوا سبيلهم و العمال حملوا جيف
اكابرهم على العربات واصلوهم النار
ولو ان الشرع المطهر اذن المسلمين
بالفرار لكان هذا العجز وفقد العون
احدق بالمرضى والموتى منهم
الامر الذی حرم الشرع قطعا قال فی
ارشاد الساری فی صحيح البخاری
(لا تخرجوا فرارا منه

سادساً جن حکمتوں کی بنا پر حکیم
کریم رؤف رحیم علیہ وعلی آلہ الصلاۃ والتسلیم
نے طاعون سے فرار حرام فرمایا ان میں ایک
حکمت یہ ہے کہ اگر تندرست بھاگ جائیں
گے بیمار ضائع رہ جائیں گے ان کا نہ کوئی
تیماردار ہوگا نہ خبرگیراں پھر جو مریں گے انکی
تجہیز وتکفین کون کریگا جس طرح فوراً آجکل
ہمارے شہر اور گردنواح کے ہنود میں مشہور ہو
رہا ہے کہ اولاد کو ماں باپ ماں باپ کو اولاد
نے چھوڑ کر اپنا رستہ لیا بڑوں بڑوں کی لاشیں
مزدوروں نے ٹھیلے پر ڈال کر جہنم پہنچائیں اگر
شرع مطہر مسلمانوں کو بھی بھاگنے کا حکم دیتی تو
معاذ اللہ یہی بے بسی بیکسی ان کے مریضوں
میتوں کو بھی گھیرتی جسے شرع قطعاً حرام فرماتی
ہے۔ ارشاد الساری شرح صحیح البخاری میں ہے
(لا تخرجوا فرارا منہ).

فانه فرار من القدر ولئلا يضيع المرضى لعدم من يتعهد هم و الموتى لعدم من يجهز وقال الزرقانى فى شرحه على الموطاء نحوه واقره العينى فى شرحه على الصحيح البخارى بعدما نقله و الظاهر ان علة المنع كماهى فى الفرار الى بلداخر كذلك هى فى النزول بنواحى البلد بل هى كذلك فى السكن فى حى الاصحاء تاركالحى المرضى فالحق ان التحول بنية الفرار حرام مطلقاً و ايضا هذه العلة توجب ان هذا الحكم (اى المنع عن الفرار) ليس فى الطاعون فقط بل نفس الحكم فى كل وباء ولهذا قال الشيخ المحقق فى اشعة اللمعات فى شرح المشكوة الذى ذكر فى الاحاديث وورد النهى عن الفرار عنه واوعد عليه وشبهه بالفرار من الزحف

فانه فرار من القدر ولئلا يضيع المرضى لعدم من يتعهدهم والموتى لعدم من يجهز ۔ اسی طرح زرقانی شرح موطا میں ہے عینی شرح بخاری میں بھی اسے نقل کر کے مقرر رکھا ظاہر یہ ہے کہ علت جس طرح غیر شہر کو بھاگ جانے میں ہے یوں ہیں بیرون شہر جا پڑنے بلکہ محلۂ مریضان چھوڑ کر محلۂ صحیحان میں جانے میں بھی تو حق یہ کہ بہ نیت فرار مطلقا نقل وحرکت حرام ہے نیز یہ علت موجب ہے کہ نہ صرف طاعون بلکہ ہر وبا کا یہی حکم ہے ولہذا شیخ محقق رحمہ اللہ تعالیٰ نے اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ میں فرمایا انچہ دراحادیث مذکور شدہ وبرگریختن ازاں وبیرون رفتن از شہرے کہ واقع شدہ باشد دراں نہی کردہ ووعید نمودہ وتشبیہ بفرار از زحف

وجعل الصبر عليه شهادة المراد منه الوباء والموت العام والمرض الشامل وليس مخصوصاً بما عينه الاطباء ولهذا ذكر في الاحاديث بلفظ الوباء والموت العام وان ورد بلفظ الطاعون ايضا لكن المراد معنى الوباء واخطأ من حمله على مصطلح الاطباء واباح الفرار في غيره (الطاعون)

فائدة :- روى الامام احمد في المسند وابن سعد في الطبقات عن ابي عسيب رضي الله تعالىٰ عنه بسند صحيح قال رسول الله ﷺ اتاني جبرئيل بالحمى والطاعون فامسكت الحمى بالمدينة وارسلت الطاعون الى الشام فالطاعون شهادة لامتي ورحمة لهم ورجس على الكافرين وكان الصديق رضي الله تعالىٰ عنه.

داده برصبر بران بشهادت حکم کرده مراد وباء وموت عام و مرض عام ست و مخصوص بانچه اطبا تعیین نموده اند نیست و لہذا در احادیث بلفظ وبا و موت عام مذکور شده و اگرچه بلفظ طاعون نیز واقع شده اما مراد معنی وباست و غلط کرده که طاعون را بر مصطلح اطبا حمل کرده و در غیر آں فرار مباح داشته و اگر قضا برہمیں معنی محمول باشد بروے از وبا خواہد بود نه مخصوص بآں و ایں قائل آں احادیث را که در روے لفظ وبا موت عام واقع شده چه خواهد گفت ـ نسال الله العافیه ـ

فائدہ امام احمد مسند اور ابن سعد طبقات میں ابو عسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند صحیح روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں " اتاني جبريل بالحمى والطاعون فامسكت الحمى بالمدينة وارسلت الطاعون الى الشام فالطاعون شهادة لامتي ورحمة له ورجس على الكافرين " میرے پاس جبریل علیہ الصلوٰۃ والتسلیم بخار اور طاعون لیکر حاضر ہوئے میں نے بخار مدینہ طیبہ میں رہنے دیا اور طاعون ملک شام کو بھیج دیا تو طاعون میری امت کیلئے شہادت و رحمت اور کافروں پر عذاب قسمت ہے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم تھا۔

يعلم انه امر بالطاعون فارسل الى الشام وقد عزم على غزو الشام فكان يبايع من ينفذه من الجيش الى الشام على كلا الامرين احدهما ان لا يفر من طعن الاعداء و الاخر ان لا يفر من الطاعون روى الامام مسدد شيخ البخارى ومسلم فى مسنده عن ابى السفر قال كان ابو بكر رضى الله تعالىٰ عنه اذا بعث الى الشام بايعهم على الطعن والطاعون من هنا ظهر حقا ان المرغب المسلمين فى الفرار عن الطاعون ليس بنا صح لهم بل يبغيهم خبالا وان منع الاطباء من الصبر عليه و المكث فيه طريق يخالف الخير والصلاح والله سبحانه وتعالىٰ ارسل نبينا ﷺ رحمة للعلمين وجعله بالمومنين خاصة رؤفا رحيما وورد فى الحديث فى ابى بكر.

کہ طاعون کو ملک شام کا حکم ہوا ہے اور بلاد شام فتح کرنے تھے لہٰذا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو لشکر ملک شام کو روانہ فرماتے اس سے دونوں باتوں پر یکساں بیعت وعہد و پیمان لیتے ایک یہ کہ دشمنوں کے نیزوں سے نہ بھاگنا دوسرے یہ کہ طاعون سے نہ بھاگنا امام مسدد استاذ امام بخاری و مسلم اپنی مسند میں ابو السفر سے روایت کرتے ہیں قال کان ابو بكر رضى الله تعالىٰ عنه اذا بعث الى الشام بايعهم على الطعن والطاعون یہاں سے خوب ثابت وظاہر ہوا کہ مسلمانوں کو فرار عن الطاعون کی ترغیب دینے والا ان کا خیر خواہ نہیں بدخواہ ہے اور طبیبوں ڈاکٹروں کا اس میں صبر و استقلال سے منع کرنا خیر و صلاح کے خلاف باطل راہ ہے اللہ عزوجل نے رسول اللہ ﷺ کو سارے جہاں کیلئے رحمت بھیجا اور مسلمانوں پر بالتخصیص رؤف رحیم بنایا۔

ارحم امتی بامتی ابوبکرفلو ان الفرار من الطاعون کان فیه الخیروفی المکث فیه الشرفلماذ اکان ﷺ حرض المسلمین علی المکث فیه وهوارحم وأرف بهم من اباء هم وامها تهم ولماذا کان منع من الفراربتاکید شدید ولماذا بایع ابو بکر وهوارحمهم بالامة لما ذا بایعهم ان لایفروا منه.

علم من هناان المرغبین للناس بالفرارعن الطاعون هم الذین یبغون الناس الشر ویفهمون الناس بالعکس والعیاذ بالله تعالیٰ

مثل هولاء (المرغبین فی الفرار عن الطاعون) کمثل امراة سفیهة مختبلة غیر مثقفة معوج الفهم ترغب ولدها فی الفرار عن المدرسة حین تشاهد مشقة فی الدرس وشدة من الاستاذ تحسبه بالباطل محبة وهو صریح عداوة-قال الشاعر بالفارسیة. ع

اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے ارحم امتی بامتی ابوبکر حدیث میں آیا یعنی جو رافت و رحمت میری امت کے حال پر ابو بکر کو ہے اتنی تمام امت میں کسی کو نہیں اگر طاعون سے بھاگنے میں بھلائی اور ٹھہرنے میں برائی ہوتی تو رسول اللہ ﷺ کہ اپنی امت پر ماں باپ سے زیادہ مہربان ہیں کیوں ٹھہرنے کی ترغیب دیتے اور بھاگنے سے اس قدر تاکید شدید کے ساتھ منع فرماتے اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ تمام امت میں سب سے بڑھ کر خیر خواہ امت ہیں کیوں اس سے نہ بھاگنے کا عہد و پیان لیتے معلوم ہوا کہ طاعون سے بھاگنے کی ترغیب دینے والے ہی حقیقۃً امت کے بدخواہ اور الٹی مت سمجھانے والے ہیں والعیاذ باللہ تعالیٰ جیسے کوئی بدعقل بے تمیز کج فہم عورت پڑھنے کی محنت استاذ کی شدت دیکھ کر اپنے بچے کو مکتب سے بھاگ آنے کی ترغیب دے وہ اپنے خیال باطل میں اسے محبت سمجھتی ہے حالانکہ صریح دشمنی ہے۔ ع

دوستی بخیرداں دشمنی است

(الصداقة مع المحرومین من العقل عداوة)الشقی ذلک الولد الذی ینقاد لامه ولا یبالی بتاکید الاب وتهدیده بل هذا الشان اسوء من ذلک المثال. المشقة فی الدراسة فی المدرسة علی الجمیع والشدة من الاستاذ علی الاکثر ولیس ضروریا حیث فشی الطاعون ان یبتلی الجمیع اوالاکثر بل المحفوظون یکون عددهم اکثر باذنه تعالیٰ ولهذا بطل قیاس هذه الحالة علی النار والزلزال ومحض الوسوسة ان یعدالمکث فی الطاعون مندرجاً فی المنهی بقوله تعالیٰ ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة لان الهلاک غالب فیهما (النار والزلزال) کما مر فی کلام الشیخ المحقق (عبد الحق قدس سره) وحق الهلاک ان یظن امر المصطفی ﷺ الذی هو عین الرحمة ضاراً یحسب رأی الاطباء والدکاترة بازاء امره ﷺ نافعاً للنفس — ع

دوستی بخیرداں دشمنی ست۔ بدنصیب وہ بچہ کہ اسکے کہنے میں آجائے اور مہربان باپ کی تاکید وتہدید خیال میں نہ لائے۔ بلکہ انصافاً یہ حالت اس مثال سے بھی بدتر ہے مکتب میں پڑھنے کی محنت سبھی پر ہوتی ہے اور شدت بھی غالب واکثری ہے اور جہاں طاعون پھوٹے وہاں سب یا اکثر کا مبتلا ہونا کچھ ضرور نہیں بلکہ باذنہ تعالیٰ محفوظ ہی رہنے والوں کا شمار زائد ہوتا ہے ولہذا آگ اور زلزلے پر اس کا قیاس باطل ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة کے نیچے سمجھنا محض وسوسہ ہے کہ ان میں ہلاک غالب ہے جیسا کہ کلام حضرت شیخ محقق قدس سرہ سے گزرا اور سچا ہلاک تو یہ ہے کہ مصطفی ﷺ کے ارشاد اقدس کو کہ عین رحمت وخیر خواہی امت ہے معاذ اللہ مضرت رساں خیال کیا جائے اور اس کے مقابل طبیبوں اور ڈاکٹروں کی بات کو اپنے لئے نافع سمجھا جائے۔ ع

بیں که از که بریدی و باکه پیوستی

انظر عمن تخلیت وبمن
لحقت ولا حول ولا قوة الا بالله
العلی العظیم من اجل هذا جری دآب
السلف الصالح علی الصبر والمکث
فی الطاعون یقول الامام ابو عمر بن
عبد البر لم یبلغنی عن احد من حملة
العلم انه فرمنه الا ماذکر المدینی ان
علی ابن زید بن جدعان هرب منه الی
السبالة فکان یجمع کل جمعة فاذا
رجع صاحوابه فرمن الطاعون فطعن
فمات بالسبالة. و علی بن زید هذا
لم یکن من العلماء
المستندین-ضعفه الائمة سفیان بن
عینیة وحماد بن زید واحمد بن
حنبل ویحیٰ بن معین وابو حاتم وابن
خزیمة والعجلی والدار قطنی
وغیرهم من ائمة الجرح والتعدیل و

بیں کہ از کہ بریدی و باکہ پیوستی۔ ولا حول
ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم لہذا اسلاف
صالح کا داب یہی رہا کہ طاعون میں صبر
واستقلال سے کام لیتے امام ابو عمر بن عبد البر
فرماتے ہیں لم یبلغنی عن احد من حملة
العلم انه فرمنه الا ماذکر المداینی ان
علی بن زید بن جدعان هرب منه الی
السبالة فکان یجمع کل جمعة ویرجع
فاذا رجع صاحوابه فرمن الطاعون
فطعن فمات بالسبالة یعنی مجھے کسی کی نسبت
یہ روایت نہ پہنچی کہ وہ طاعون سے بھاگا ہو مگر وہ
جو مدائنی نے ذکر کیا کہ علی بن زید بن جدعان
طاعون میں شہر سے بھاگ کر سبالہ کو چلے گئے
تھے ہر جمعہ کو شہر میں آکر نماز پڑھتے اور پلٹ
جاتے جب پلٹتے لوگ شور مچاتے طاعون سے
بھاگا ہے آخر سبالہ میں طاعون ہی میں مبتلا ہو
کر مرے یہ علی بن زید کچھ ایسے مستند علماء سے
نہ تھے امام سفین بن عیینہ و امام حماد بن زید
و امام احمد بن حنبل و امام یحییٰ بن معین و امام
بخاری و امام ابو حاتم و امام ابن خزیمہ و امام عجلی
و امام دار قطنی وغیرہم عامہ ائمہ جرح و تعدیل

على هذا لم يكن سديدا فى مذهبه قال العجلى كان متشيعا بل روى عن الامام يزيد بن زريع انه كان رافضيا ثم هذا الامر منه لم يجر فى حين ثبات العقل وصحة الحواس فقد اختل عقله فى آخر عمره قال الامام شعبة بن الحجاج حدثنا على قبل ان يختلط قال الفسوى اختلط فى كبده‌را ثم كونه يجئ كل جمعة الى البصرة ومرجعه بعد الصلاة دليل واضح على ان السبالة كان موضعا قريباً من البصرة توفى على بن زيد ۱۴۱ھ وكان زمنه زمن التابعين فثبت ان التحول الى مضافات البلد منخرط فى سلك الفرار المحرم الذى من اجله تعرض هذا الرجل لطعن الناس فى البلد كله واشير اليه بكل اصبع كان اهل البلد فى كل جمعة وهم التابعون واتباعهم يصيحون به حين ينقلب يقولون هو فرا من الطاعون. والعياذ بالله تعالیٰ تنبيه نبيه.

نے ان کی تضعیف کی اور مذہب کے بھی کچھ ٹھیک نہ تھے عجلی نے کہا شیعی تھا بلکہ امام یزید بن زریع سے مروی ہوا رافضی تھا پھر اس کا یہ فعل زمانہ سلامت عقل وصحت حواس کا بھی نہ تھا آخر عمر میں عقل صحیح نہ رہی تھی امام شعبہ بن الحجاج نے فرمایا حدثنا علی قبل ان یختلط فسوی نے کہا اختلط فی کبرہ۔ پھر ہر جمعہ کو نماز کیلئے شہر یعنی بصرہ میں آنا اور نماز پڑھ کر پلٹ جانا دلیل واضح ہے کہ سبالہ کوئی ایسی ہی قریب جگہ بصرہ سے تھی علی بن زید کا انتقال ۱۳۱ھ میں ہے وہ زمانہ تابعین کا تھا تو ثابت ہوا کہ مضافات شہر میں چلا جانا بھی اسی فرار حرام میں داخل ہے جس پر یہ شخص تمام شہر میں مطعون وانگشت نما ہوا ہر جمعہ کو اس کے پلٹتے وقت اہل شہر میں کہ تابعین وتبع تابعین ہی تھے غل پڑ جاتا کہ وہ طاعون سے بھاگا۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ تنبیہ نبیہ:۔

كما ان الفرار من الطاعون
حرام كذلک الاقدام عليه بالذهاب
الى بلد فشى فيه الوباء
مؤثم.وردالمنع فى الاحاديث
الصحيحة من كلا الامرين.فى الاول
فرار من القدر وفى الثانى مقاومة
للبلاء و العذر لذلک بابداء التوكل
محض سفاهة التوكل ليس معارضة
للاسباب يقول الامام الاجل ابن دقيق
العيد.الاقدام عليه تعرض للبلاء
ولعله لايصدر عليه وربما كان فيه
ضرب من الدعوى لمقام الصبر فمنع
ذلک لاغترار النفس و دعواها ما
لاتثبت عليه عند التحقيق
(ويؤيد(تقرير للعلامة الشيخ دام ظله
على ماسبق) ما اثره السيد الجد
الامام احمد رضا عن العلامه ابن
دقيق العيد ما ورد فى الصحيح عن
النبى ﷺ لا تمنوا لقاء العدو
وسلوا الله العافية فاذا لقيتم
فاثبتوا) لاشبهة

جس طرح طاعون سے بھاگنا حرام ہے اور
اس کیلئے وہاں جانا بھی ناجائز و گناہ ہے
احادیث صحیحہ میں دونوں سے ممانعت فرمائی
پہلے میں تقدیر الٰہی سے بھاگنا ہے تو دوسرے
میں بلائے الٰہی سے مقابلہ کرنا ہے اور اس
کیلئے اظہار توکل کا عذر محض سفاہت۔ توکل
معارضۂ اسباب کا نام نہیں امام اجل ابن دقیق
العید رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں الاقدام علیہ
تعرض للبلاء و لعله لا يصبر عليه و
ربما كان فيه ضرب من الدعوى
لمقام الصبرا والتوكل فمنع ذلک لا
غترار النفس و دعوها مالاثبت عليه
عند التحقيق.

فی المنع عن هذا لقی ماحکم التحول عن
بلد وقع فیه الطاعون اذالم یکن علی قصد
الفرار وما حکم المجیی الی بلد فشی فیه
الطاعون اذا لم یکن القدوم علی وجه المقاومة
للبلاء فالمحقق عند علمائنا ان هذا لیس حراما
لذاته ولکن هنا نظرا للحزم واحد الامر من قبل
حالتان.احداهما ان المرء کامل الایمان قدس
سره فی قلبه بشاشة و نورانیة قوله تعالی لن
یصیبنا الا ماکتب الله لنا لا یعتریه ندم حین
یذهب حیث وقع الطاعون لامر ویطعن ولا
یحیل الیه انه قدم بغیر حق وابتلی ولا یظن
اذا تحول عن بلده لامر انه حصل له امر
حسن اذ نجی من البلاء وجملة القول ان
ذهابه و مجیئه یکون کما کان یکون فی
غیر زمن الطاعون فمثل هذا الرجل

اس قدر کی ممانعت میں ہرگز گنجائش سخن نہیں
اب رہا یہ کہ جب طاعون سے بھاگنے یا اسکے
مقابلہ کی نیت نہ ہو تو شہر طاعونی سے نکلنا یا
دوسری جگہ سے اس میں جانا فی نفسہ کیسا ہے
اس میں ہمارے علماء کی تحقیق یہ ہے کہ بجائے
خود حرام نہیں مگر نظر بہ پیش بینی یہاں
دوصورتیں ہیں ایک یہ کہ انسان کامل الایمان
ہے لن یصیبنا الا ماکتب اللہ لنا کی
بشاشت ونورانیت اسکے دل کے اندر سرایت
کئے ہوئے ہے اگر طاعونی شہر میں کسی کام کو
جائے اور مبتلا ہو جائے تو اسے یہ پشیمانی
عارض نہ ہوگی کہ ناحق آیا کہ بلانے لے لیا یا
کسی کام کو باہر جائے تو یہ خیال نہ کریگا کہ
خوب ہوا جو اس بلا سے نکل آیا خلاصہ یہ کہ اس
کا آنا جانا بالکل ایسا ہو جیسا طاعون نہ ہونے
کے زمانہ میں ہوتا۔

له الاذن خالصة بان يذهب ويجی لامره ويفعل مايشاء لانه لا نية فی الحال له فاسدة ولا يظن به فساد القصد فی المستقبل ومن لم يكن بهذه المشابة فانه مكروه له (الفرار والتحول) فانه يخشی عليه فساد النية فی الآتی وان لم يكن له نية فاسدة فی الحال حتی يحكم علی صنيعه بالحرمة لذلک يكره صنيعه (بالنظر لما يخشی عليه فی الآتی)

الاحاديث التی ورد فيها المنع عن الخروج عن بلد طعن والمنع عن الذهاب الی بلد كذلک كالمروی عن اسامه اذا سمعتم بالطاعون بارض فلاتد خلوها واذا وقع بارض و انتم بها فلا تخرجوا منها رواه الشيخان او المروی من حديث عبد الرحمن بن عوف فاذا سمعتم به بارض فلا تدخلوها رواه الطبرانی فی الكبير والحديث.

تو اسے خالص اجازت ہے اپنے کاموں کو آئے جائے جو چاہے کرے کہ نہ فی الحال نیت فاسدہ ہے نہ آئندہ فساد فکر کا اندیشہ ہے اور جو ایسا نہ ہو اسے مکروہ ہے کہ اگرچہ فی الحال نیت فاسدہ نہیں کہ حکم حرمت ہو مگر آئندہ فساد پیدا ہونے کا اندیشہ ہے لہذا کراہت ہے وہ حدیثیں جن میں خود شہر طاعونی سے نکلنے اور اس میں جانے کی ممانعت مروی ہوئی جیسے ایک روایت حدیث اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے الفاظ اذا سمعتم بالطاعون بارض فلا تدخلوھا واذا وقع بارض وانتم بہافلا تخرجوا منھا رواہ الشیخان یا ایک روایت حدیث عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لفظ فاذا سمعتم بہ فی ارض فلا تدخلوھا رواہ الطبرانی فی الکبیر۔

المروی عن عکرمة بن خالد المخرومی عن ابیه وجده رضی الله تعالیٰ عنه اذا وقع الطاعون بارض وانتم بها فلا تخرجوا منها وان کنتم بغیرها فلا تقدموا علیها رواه احمد والطحاوی والطبرانی والبغوی وابن قانع لو حملت علی الاطلاق ولم تقید بنیة الفرار ومقاومة البلاء بناء علی ما حقق الامام ابن الهمام (واذا تقرر (تقریر مهم لشیخنا الاستاذ) ان المطلق لا یحمل علی المقید من غیر ضرورة فلیحمل الوعد بالشهادة علی اطلاقه حیث اطلق ولم یقید بالموت فی الطاعون کما ورد فی حدیث عائشة رضی الله عنها الذی خرجه الامام البخاری فی الصحیح ولا مانع حینئذ ان یشمل الحدیث کل من مکث فی بلده زمن الطاعون.

یا حدیث عکرمہ بن خالد المخزومی عن ابیہ وعمہ عن جدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذا اوقع الطاعون فی ارض وانتم بہا فلا تخرجوا منہا وان کنتم بغیرہا فلا تقدموا علیہا رواہ احمد والطحاوی والطبرانی والبغوی و ابن قانع یہ اگر اپنے اطلاق پر رکھی جائیں یعنی نیت فرار و مقابلہ سے مقید نہ کی جائیں بناء علی ماحقق الامام ابن الہمام۔

صابرا محتسبا يعلم انه لا يصيبه الا ما
كتب له وان لم يمت بالطاعون فما وقع
ههنا من الدكتور مصطفى ديب البغا فى
تعليقه من تخصيصه بمن مات بالطاعون
فهو تخصيص من غير حاجة)ان المطلق
لايحمل على المقيد وان اتحد الحكم
والحادثة مالم تدع اليه ضرورة كما فى
الفتح فمحملها صورة الكراهة هذه التى
ذكرت آنفاو اطلق الحكم بناءً على ان
اكثر الناس يكونون من هذا القبيل والا
حكام تبنى على الغالب والاكثر قال فى
درالمختار اذا خرج من بلدة من الطاعون
فان علم ان كل شئ بقدر الله تعالىٰ فلا
باس بان يخرج ويدخل وان كان عنده انه
لوخرج نجى لودخل ابتلى به كره له
ذلک فلا يدخل ولا يخرج صيانة لا
عتقاده وعليه حمل النهى فى الحديث
الشريف.

ان المطلق لا يحمل على المقيد وان
اتحد الحكم والحادثة مالم تدع اليه
ضرورة كما فى الفتح تو ان کا محمل یہی
صورت کراہت ہے جو ابھی مذکور ہوئی اور اطلاق
اس بنا پر کہ اکثر لوگ اسی قسم کے ہوتے ہیں اور
احکام کی بنا کثیر و غالب پر ہے درمختار میں ہے
اذا خرج من بلدة بها الطاعون فان علم
ان كل شئ بقدر الله تعالىٰ فلا بأس بان
يخرج ويدخل وان كان عنده انه
لوخرج نجا ولو دخل ابتلى به كره له
ذلک فلا يدخل ولا يخرج صيانة
لاعتقاده وعليه حمل النهى فى
الحديث الشريف.

و نحوه فی مجمع الفتویٰ والظهیریة وتمام تحقیقه فیما علی ردالمحتار والیک ماقاله رضی الله تعالیٰ عنه فی تعلیقه جد الممتار علی ردالمحتار ونصه کما یلی **قوله** واذا خرج من بلدة **اقول** صرح سیدی الشیخ المحقق عبد الحق فی شرح المشکوة ان الفرار من الطاعون کبیرة والفار مردود وبه صرح ابن حجر المکی فی الزواجر واحتجا بقوله ﷺ الفار من الطاعون کالفار من الزحف وبه صرح الطیبی فی شرح المشکوة ونقله الزرقانی فی شرح الموطاعن امام الائمة ابن خزیمة وذکران الجمهور علی التحریم و ذکر فی ارشاد الساری من کتاب الطب ان التحریم هوالارجح عندالشافعیة وغیرهم وذکر الامام النووی فی شرح صحیح مسلم ان النهی علی الاطلاق هوالصحیح نقله العارف الحنفی فی الحدیقة الندیة مقرا علیه بل محتجابه وقد نطق به صحاح الاحادیث اما ماهنا فالکلام فی الخروج من البلدة دون الفرار من الطاعون وبینهما عموم وخصوص من وجه فان من وقع فی بیته الطاعون ففر منه فی اقصی البلدة فقد فرولم یخرج ومن خرج لحاجة عرضت له فقد خرج ولم یفرو الله تعالیٰ اعلم.

مجمع الفتاویٰ اسی طرح فتاویٰ ظہیریہ میں ہے وتمام تحقیقه فی ماعلقناه علی ردالمحتار.